# اسلاميات

## استادن لاءِ رهبر

اٺين درجي لاءِ

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوڪسفرڊ يونيورسٽي پريس

# پيش لفظ

اسلام زندگي جو هڪ مڪمل ضابطو آهي ۽ زندگي جي هر پهلوءَ ۾ انسان جي رهنمائي ڪري ٿو. عربي زبان ۾ اسلام جي معنيٰ "اطاعت ۽ فرمانبرداري" جي آهي. اسلام الله تعاليٰ جي اطاعت ۽ فرمانبرداري جو دين آهي.

تعليم ڏيڻ هڪ پيغمبري ڪمُ آهي. اها هر استاد جي ذميواري آهي ته هُو پنهنجي هِن ڪم کي ايمان داريءَ سان پورو ڪري. استاد پنهنجي طالبن جي سامهون هڪ مثالي شخصيت جي حيثيت رکندو آهي. ٻارَ استاد جي قول ۽ عمل کان گهڻو ڪجهه سِکندا آهن ۽ ڪڏهن ڪڏهن ته اُهو ئي ڪجهه ڪندا آهن جيڪو هو پنهنجي استادَ کي ڪندي ڏسندا آهن. انهيءَ ڪري استاد کي ٻارن جي سامهون سُٺي ڳالهه ٻولهه ۽ ڪردار جو مظاهرو ڪرڻ گهرجي.

اسلاميات پڙهائڻ واري استادن جي ذميواريون ٻين استادن جي مقابلي ۾ تمام وڌيڪ هونديون آهي. جيستائين استاد قرآن شريف کي چڱي طرح سمجهي هن تي عمل ڪرڻ جي ڪوشش نه ڪندو، نه هو پاڻ سٺو مسلمان ٿي سگهندو ۽ نه ئي پنهنجي طالبن جو ڪردار ٺاهڻ جي قابل ٿيندو.

استاد اسلام جي زندگي گزارڻ جي طريقي کان جيترو واقف هوندو، ايترو ئي هو اسلام جا سڀ اصولَ طالبن ۾ منتقل ڪري سگهندو. اسلاميات جو اهم مضمون پڙهائڻ واري استادن کي گهرجي ته هو ٻارن کي عربي زبان سيکارڻ جي لاءِ پهريان پاڻ عربي تي مهارت حاصل ڪن ۽ قرآن شريف جون سورتون چڱي طرح ٻارن کي پڙهائن. اها به استاد جي ذميواري آهي ته هُو اسلاميات جو اهم مضمون ٻارن کي دلچسپيءَ سان پڙهائي ۽ تدريس جا اهڙا طريقا اختيار ڪري جنهن سان ٻارَ ڌيان ۽ توجه سان پورو سبق ٻُڌن. پڙهائڻ جي وِچ ۾ ٻارن جو حوصلو وڌايو. جيڪي طالبَ پڙهائي ۾ ڪمزور هُجن، سموري ڪلاس جي سامهون هنن کي دڙڪا ڏيڻ بجاءِ الڳ سڏُ ڪري هنن جو ڪمزوريون ختم ڪرڻ جي ڪوشش ڪيو.

اسلاميات جي هن نصابي سلسلي ۾ اسلام جي بنيادي عقيدن کي آسان لفظن ۽ عام فهم انداز ۾ بيان ڪرڻ جي ڪوشش ڪئي وئي آهي. انهن ڪتابن ۽ استادن لاءِ رهبر جي ذريعي اسلاميات جهڙي اهم ۽ بنيادي مضمون کي پڙهڻ ۽ پڙهائڻ آسان ٿي ويندو.

# فهرست


باب پهريون: القرآن الڪريم
ناظره قرآن ______ 2
حفظ قرآن ______ 4
حفظ ۽ ترجمو ______ 8
باب ٻيو: ايمانيات ۽ عبادتون
آخرت جو عقيدو ______ 14
روزي جي فضيلت ______ 16
حج ۽ ان جي عالمگيريت ______ 18
باب ٽيون: سيرت طيبہ
خلق عظيم ______ 22
صبر ۽ تحمل ______ 24
حسن معاشرت ______ 26
اخلاص ۽ تقويٰ ______ 30
عدل ۽ احسان ______ 32
اندازِ گفتگو ______ 34
گهرو زندگي ______ 36
باب چوٿون: اخلاق ۽ ادبَ
امر بالمعروف و نهي عن المنڪر ______ 38
ٻانهن جا حقَ ______ 40
ڪاروبارَ ۾ ديانت ______ 48
قومي اتحاد ______ 50
ڪسبِ حلال ______ 54
نظم و ضبط ۽ قانون جو احترام ______ 56
ماپ تور ۾ گهٽتائي ______ 69
ظلم ______ 60
نفاق ______ 62
فتنو ______ 64
ٻين جو مذاق اُڏائڻ ______ 66
باب پنجون: هدايت جا سر چشما / مشاهير اسلام
حضرت فاطمة الزهرا رضي الله عنها ______ 70
محمد بن قاسم ______ 72
بو علي سينا ______ 74
شاه ولي الله محدّث دهلوي رح ______ 76


OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# شروعاتي ڳالهيون

پڙهائڻ جو طريقو ٻارن جي تعليم ۽ تربيت تي تمام اثر انداز ٿيندو آهي. هيٺ پڙهائڻ جي طريقي کي اثرائتو ڪرڻ جي لاءِ ڪجهه اهم نُڪتا لِکيا ويا آهن:

1. استاد ڪلاس ۾ داخل ٿيڻ سان ٻارن کي پاڻ سلام ڪري. هن سان ٻارن ۾ سلام ڪرڻ جي عادت پيدا ٿيندي.
2. لکن وارو بورڊ تي پڙهائيندڙ موضوع لِکي ۽ هڪڙي پاسي تاريخ لکي.
3. پوئين سبق جي بابت سوالَ ڪري، جيئن ٻارن کي سبق ياد اچي وڃي.
4. نيو سبق پڙهائڻ کانِ پهريان سبق جي عنوان جو مختصر تعارف زباني بيان ڪيو.
5. سبق جا مشڪل لفظَ نوٽ ڪري ٻارن کي هنن جي معنيٰ لکرايو.

اسلاميات پڙهائڻ ۾ جنهن طريقن جي استعمال ڪري سگهجي ٿو هنن ۾ ڪجهه اهم طريقا اهي آهن:

## استقرائي طريقو

هن طريقي ۾ استاد کي پهريان شاگردن جي ذهني سطح جو اندازو لڳائڻ گهرجي. هن جي لاءِ استاد کي ٻارن کان اهڙا سوالَ ڪرڻ گهرجن جيڪي نہ رڳو ٻارن کي سبق تي راضي ڪن ۽ سندن ڌيان حاصل ڪن، پر هنن جي منتشر خيالن کي بہ گڏ ڪندي هنن ۾ غور ۽ فڪر جي صلاحيت پيدا ڪن. سوالَ هن قسم جا هجن جنهن جا جوابَ آسان هجن ۽ طالبَ هنن کا پريشاني محسوس نہ ڪن.

## بياني طريقو

اسلاميات پڙهائڻ ۾ بياني طريقي کي هوشياريءَ سان استعمال ڪري وڌندڙ بڻائي سگهجي ٿو. استاد هن طريقي ۾ حالتن ۽ ڪيفيتن جو نقشو پنهنجي لفظن ۾ بيان ذريعي ٺاهي سگهي ٿو. بياني طريقي جي سلسلي ۾ وضاحت ۽ تشريح بہ ايندي آهي. مطلب هر شي، لفظ يا لِکت جو مفهوم ۽ مطلب ۽ هن جي حقيقتَ طالبن جي سامهون بيان ڪجي. پر استادن کي هن طريقي ۾ اهو خيال رکڻ پوندو تہ وضاحت ۽ تشريح جو معيار طالبن جي عمر ۽ ذهنن جي سطح جي مطابق هجي، نہ تہ اهو طريقو اثرائتو نہ رهندو.

## ڪهاڻيءَ جو انداز يا طريقو

پڙهائڻ جي هن طريقي ۾ ڪنهن واقعي يا حالت کي مناسب ۽ وڻندڙ انداز ۾ بيان ڪرڻ "ڪهاڻيءَ جو انداز" چئبو آهي ۽ اهو طريقو طالبن جو ڌيان آسانيءَ سان حاصل ڪرڻ ۾ اثرائتو ثابت ٿيل آهي. پر اهو انداز سبق آموز بہ هجڻ گهرجي. اهو خيال رکڻ بہ ضروري آهي تہ طالبَ هن انداز جا ايترا عادتي نہ ٿي وڃن جو اُهي هر وقت ڪهاڻي ٻُڌڻ جي موڊ ۾ ئي رهن.

باب پهريون: القرآن الڪريم

# ناظره قرآن

## پڙهائڻ جا مقصد

ناظره قرآن پورو ٿيڻ تي طالبَ روانيءَ سان تجويد جي قاعدن مطابق قرآن شريف پڙهڻ سِڪي وڃن. اهي تلاوت جي اهميت ۽ هن جي آدابن جي پوري ڄاڻ بہ حاصل ڪن. هنن ۾ قرآن شريف جو ترجمو سِکڻ ۽ قرآن جي حڪمن کي پنهنجي زندگي ۾ لاڳو ڪرڻ جو جذبو پيدا ٿي وڃي.

## پڙهائڻ ۾ مدد

لکن وارو بورڊ. چارٽ جنهن تي چونڊيل آيتون خوش خط لکيل هجن. قرات جي رڪارڊنگ.

## پڙهائڻ جو طريقو

ناظره قرآن جي لاءِ پڙهائڻ جو عام طريقو اختيار ڪجي. استاد روزانو ڪجھ آيتون تجويد سان طالبن کي سکائي. طالبَ کي هڪ هڪ ڪري سبق سمجھائي ۽ ياد ڪرائجي. تلفظ جي صحيح ادائيگي جي لاءِ لکن وارو بورڊ جو استعمال ڪجي. غلطيون لکن وارو بورڊ تي لِکي ٺيڪ ڪرائجن. ناظره قرآن پڙهائڻ جي لاءِ ائين ڪلاس ۾ اسلاميات جي نصاب ۾ ڏھ سيپاره (21 کان 30) شامل آهن. ناظره قرآن پڙهائڻ جي لاءِ ضروري آهي تہ طالبن کي قرآن شريف جي تلاوت جي اهميت ۽ هن جي آدابن جي ڄاڻ ڏجي.

تلاوتِ قرآن جو حق اهو آهي تہ اها صحيح طريقي مطلب تجويد جي قاعدن سان هجي. طالبن کي هن جي ترجمي ۽ لفظن تي بہ غور ۽ فڪر ڪرڻ جي ترغيب ڏجي ۽ الله تعاليٰ جي رضا خاطر باقاعدي تلاوت ڪرڻ جو عادتي ڪجي.

## ورجاءُ

طالبن کان روزانو پوبون سبق ٻُڌجي. ياد هجن جي صورت ۾ اڳيون سبق ڏجي، نہ تہ هرَ هرَ هن سبق کي ٺي ورجائجي.

## عملي ڪم

وقفي وقفي سان ڪلاس ۾ قرات جا مقابلا ڪرائجن.

باب اوّل : قرآنِ مجید

# ناظرہ قرآن

## مقاصدِ تدریس

ناظرہ قرآن کی تدریس کے اختتام پر طلبہ و طالبات روانی سے تجوید کے قواعد کے مطابق قرآن پڑھنا سیکھ جائیں۔ وہ تلاوتِ قرآن کی اہمیت اور اس کے آداب سے مکمل آ گاہی حاصل کرلیں۔ ان میں قرآن کا ترجمہ سیکھنے اور قرآن کے احکامات کو اپنی زندگی میں نافذ کرنے کا جذبہ پیدا ہو جائے۔

## معاوناتِ تدریس

تختۂ تحریر۔ چارٹ جس پر منتخب آیات خوش خط درج ہوں۔ قرأت کی ریکارڈنگ۔

## طریقۂ تدریس

ناظرہ قرآن کے لیے عمومی طریقۂ تدریس اپنایا جائے۔ استاد روزانہ چند آیات تجوید کے ساتھ طلبہ و طالبات کو سکھائے۔ طلبہ و طالبات کو فرداً فرداً سبق سمجھایا اور یاد کروایا جائے۔ تلفظ کی صحیح ادائیگی کے لیے تختۂ تحریر کا استعمال کیا جائے۔ اغلاط تختۂ تحریر پر لکھ کر درست کروائی جائیں۔

ناظرہ قرآن کی تدریس کے لیے آٹھویں جماعت کے اسلامیات کے نصاب میں دس پارے (۲۱ تا ۳۰) شامل ہیں۔ ناظرہ قرآن کی تدریس سے پہلے ضروری ہے کہ طلبہ و طالبات کو قرآنِ پاک کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے آگاہ کیا جائے۔

تلاوتِ قرآن کا حق یہ ہے کہ وہ صحیح طریقے سے یعنی تجوید کے قواعد کے ساتھ ہو۔ طلبہ و طالبات کو اس کے ترجمے اور الفاظ پر بھی غور وفکر کی ترغیب دلائی جائے اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خاطر باقاعدگی سے تلاوت کرنے کا عادی بنایا جائے۔

## اِعادہ

طلبہ و طالبات سے روزانہ پچھلا سبق سنا جائے۔ یاد ہونے کی صورت میں اگلا سبق دیا جائے ورنہ اسی کو بار بار دہرایا جائے۔

## عملی کام

وقتاً فوقتاً جماعت میں قرأت کے مقابلے کروائے جائیں۔

### گهر جو ڪم
روزانو سبق گهر تي بہ چڱي طرح ياد ڪرائڻ جي لاءِ ڏجي.

## حفظ قرآن

### پڙهائڻ جا مقصد
هر سورت ختم ٿيڻ تي طالب سورت جي تعارف کان آگاهہ ٿي وڃن. هنن کي زباني پُڏڻ جي قابل ٿي وڃن. روزانو نماز ۾ هن سورتن کي پڙهن. هن جي معنيٰ ۽ مطلبن تي غور ۽ فِڪر ڪن ۽ جنهن بُرائين ۽ اعمال جو ذڪر ڪيو ويو آهي، هنن کان پنهنجي پاڻ کي بچائڻ جي ڪوشش ڪن.

### پڙهائڻ ۾ مدد
سورة التڪاثر، سورة العديت ۽ سورة الهُمَزة جي قرات جو رڪارڊنگ. لکن وارو بورڊ. هن سورتن جو الڳ الڳ چارٽ جنهن تي سورتون سُهڻي خطاطي ۾ لِکيل هجن.

### پڙهائڻ جو طريقو
حفظ جي لاءِ پڙهائڻ جو عام طريقو استعمال ڪيو. طالبن کي پڙهائڻ واري سورت جو چڱي طرح تعارف ڪرايو. هن ڪان پوءِ استاد هن سورت کي وڏي آواز ۾ تجويد جي قاعدن سان پڙهائي، طالبَ هن جي پوئلڳي ڪن. غلطيون لکن وارو بورڊ تي لِکي ٺيڪ ڪرائجن. آيتون هرَ هرَ دُهرائجن، ايستائين جو زباني ياد ٿي وڃن.

## سورة التّڪاثر

سورة التڪاثر مڪّي سورت آهي جنهن ۾ اٺ آيتون ۽ هڪ رڪوع آهي. هن سورت ۾ ٻڌايو ويو آهي تہ ماڻهن کي مال جي هوس اهڙو تہ غافل ڪيو آهي جو اهي عيش عشرت ۾ پئجي ويا آهن. مال ۽ اولاد جي گهڻائي ۽ دنيا جي سامان جو حرص ماڻهو کي غفلت ۾ قاسائي رکندو آهي، نہ مالڪ جو ڌيان اچڻ ڏيندو آهي، نہ آخرت جو فڪر، رڳو ڏينهن رات مال جمع ڪرڻ جي لالچ. ايستائين جو موت اچي ويندو آهي، تڏهن قبر ۾ خبر پوندي آهي تہ غفلت ۽ ڀُل ۾ پيا هئا. انهيءَ ڪري تاڪيد سان چيو ويو آهي تہ مال ۽ اولاد جي گهڻائي آخرت ۾ ڪم اچڻ واري شيءِ ناهي، اهو سڀ فاني آهن، اصل حياتي ۽ عيش آخرت جو آهي. دنيا جي حياتي هن جي سامهون خواب کان وڌيڪ اهميت

## گھر کا کام

روزانہ کا سبق گھر پر بھی اچھی طرح یاد کرنے کے لیے دیا جائے۔

# حفظ قرآن

## مقاصدِ تدریس

ہر سورۃ کے اختتام پر طلبہ و طالبات سورۃ کے تعارف سے آگاہ ہوجائیں ، اس کو زبانی سنانے کے قابل ہوجائیں۔ روزانہ نماز میں ان سورتوں کو پڑھیں۔ ان کے معانی و مطالب پر غور وفکر کریں۔ اور جن برائیوں اور اعمال کا تذکرہ کیا گیا ہے ان سے اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کریں۔

## معاوناتِ تدریس

سورۃ التّکاثر ، سورۃ العدیت اور سورۃ الھُمَزۃ کی قرأت کی ریکارڈنگ۔تختۂ تحریر ۔ متعلقہ سورتوں کے الگ الگ چارٹ جس پر سورتیں خوبصورت خطاطی میں درج ہو۔

## طریقۂ تدریس

حفظ کے لیے عمومی طریقۂ تدریس اپنایا جائے۔ طلبہ و طالبات کو پڑھائی جانے والی سورۃ کے تعارف سے مکمل طور پر آگاہ کیا جائے۔ اس کے بعد استاد متعلقہ سورۃ کو بلند آواز میں تجوید کے قواعد کے ساتھ پڑھے ،طلبہ و طالبات اس کی پیروی کریں۔ اغلاط تختۂ تحریر پر لکھ کر درست کروائی جائیں۔ آیات بار بار دہرائی جائیں یہاں تک کہ زبانی یاد ہوجائیں۔

# سورۃ التّکاثر

سورۃ التّکاثر مکّی سورۃ ہے اس میں آٹھ آیات اور ایک رکوع ہے۔ اس سورۃ میں بتایا گیا ہے کہ لوگوں کو مال کی ہوس نے ایسا غافل کیا کہ وہ عیش پرستی میں پڑ گئے۔ مال و اولاد کی کثرت اور دنیا کے ساز و سامان کی حرص آدمی کو غفلت میں پھنسائے رکھتی ہے نہ مالک کا دھیان آنے دیتی ہے نہ آخرت کی فکر بس شب و روز مال جمع کرنے کی دھن ، یہاں تک کہ موت آجاتی ہے تب قبر میں جا کر پتہ لگتا ہے کہ غفلت اور بھول میں پڑے تھے اس لیے تاکیداً کہا گیا ہے مال و اولاد کی بہتات آخرت میں کام آنے والی چیز نہیں یہ سب فانی ہے اصل زندگی اور عیش آخرت کا ہے۔ دنیا کی زندگی اس کے سامنے

نٿي رکي جيڪڏهن توهان کي خبر هجي هان تہ غفلت ۾ نہ پئجي وڃون هان. غفلت ۽ انڪار جو نتيجو دوزخ آهي جيڪو هن ڏينهن ڏِسڻو پوندو. تڏهن هنن کي يقين ايندو. هن وقت سوال ڪبو تہ جيڪي نعمتون (ظاهري، باطني، جسماني، روحاني، آفاقي) دنيا ۾ عطا ڪيون ويون هنن جو حق تون ڪيستائين ادا ڪيو ۽ الله تعاليٰ کي ڪيستائين خوش رکڻ جي ڪوشش ڪئي.

## سورة العٰديٰت

سورة العُديٰت مڪّي سورت آهي جنهن ۾ يارنهن آيتون ۽ هڪ رڪوع آهي. هن سورت ۾ الله تعاليٰ هن هانبارو هٽي ڊوڙندڙن گهوڙن جو قسم کاڌو آهي جيڪي مِٽي اُڏاريندا دشمنن جي صفن ۾ گهڙي ويندا آهن. ڇا انسان اهڙي گهوڙي کان ڪجه سبق سِکيو آهي تہ هن جو بہ ڪو پالڻ وارو مالڪ آهي جنهن جي وفاداريءَ ۾ هن کي جان ۽ مال خرچ ڪرڻ جي لاءِ تيار رهڻ گهرجي. بي شڪ انسان وڏو ناشڪرو ۽ نالائقو آهي. دنيا جي مال ۽ دولت جي محبت ۾ ايترو تي گُم رهندو آهي جو پنهنجي حقيقي خدا کي وساري وينو آهي. سمجهي نٿو تہ اڳتي هلي هن جو ڇا انجام ٿيڻ وارو آهي. اهو وقت بہ اچڻ وارو آهي جڏهن سڀ موئل زمينَ کان جيئرا ٿي اُٿندا. هن ڏينهن نيڪي، برائي، ساڙ ڪِينو ۽ بُخل (مسلمانن جي خلاف) ۽ مال جي محبت سڀ ظاهر ٿي ويندو ۽ هن وقت ڏِسندا تہ اهو مال ڪيستائين ڪم ڏيندو ۽ نالائق ناشڪرا ماڻهو جان ڇڏائي ڪيڏانهن ويندا. جيڪڏهن اهي ڳالهه سمجهن هان تہ اهڙيون حرڪتون نہ ڪن هان. هر شي جو بدلو ڏينهن ملندو ۽ ڪنهن وٽ انڪار جي جاءِ باقي نہ رهندي.

## سورة الهُمَزة

سورة الهُمَزة مڪّي سورت آهي. هن ۾ نو آيتون ۽ هڪ رڪوع آهي. هن سورت ۾ ٻڌايو ويو آهي تہ هر هُن ماڻهو جو انجام بُرو آهي جيڪو پرپُٺ ماڻهن جي گِلا ڪندو آهي. هو اهڙو ماڻهو آهي جيڪو بخل جهڙي ڪِني عادت ۾ بہ مبتلا آهي. هن جي زندگي جي مقصد رڳو مال جمع ڪرڻ ۽ هن کي ويهي ڳڻڻ آهي. ڪين خبر هجڻ گهرجي تہ هنن جو مال سدائين گڏ نہ رهندو. پنهنجي هن بُڇڙي عادت جي ڪري اهو دوزخ جي باهہ ۾ اُڇليو ويندو.

### ورجاءُ

اڳيون سبق پڙهائڻ کان پهريان پوئين سورت سڀ طالبن کان زباني ٻُڌجي.

خواب سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتی اگر تم جان لیتے تو غفلت میں نہ پڑتے۔غفلت اور انکار کا نتیجہ دوزخ ہے جو دیکھنا پڑے گا اس روز انھیں یقین آ جائے گا اس وقت سوال کیا جائے گا کہ جو نعمتیں (ظاہری ، باطنی ، جسمانی ، روحانی ، آفاقی) دنیا میں عطا کی گئیں ان کا حق تم نے کہاں تک ادا کیا اور اللہ تعالیٰ کو کہاں تک خوش رکھنے کی سعی کی۔

## سورۃ العٰدیٰت

سورۃ العٰدیٰت مکّی سورۃ ہے اس میں گیارہ آیتیں اور ایک رکوع ہے۔ اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ نے ان سرپٹ دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم کھائی ہے جو گرد اڑاتے دشمن کی صفوں میں گھس جاتے ہیں۔ کیا انسان نے ایسے گھوڑے سے کچھ سبق سیکھا کہ اس کا بھی کوئی پالنے والا مالک ہے جس کی وفاداری میں اسے جان و مال خرچ کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ بے شک انسان بڑا ناشکرا اور نالائق ہے۔ دنیا کے مال و زر کی محبت میں اس قدر غرق ہے کہ منعمِ حقیقی کو فراموش کر بیٹھا۔ نہیں سمجھتا کہ آگے چل کر اس کا کیا انجام ہونے والا ہے۔ وہ وقت بھی آنے والا ہے جب تمام مردے زمین سے زندہ ہوکر اٹھیں گے اس روز نیکی ، بدی ، حسد ، کینہ اور بخل (مسلمانوں کے خلاف) اور مال کی محبت سب ظاہر ہوجائے گی اور اس وقت دیکھیں گے کہ یہ مال کہاں تک کام دے گا اور نالائق ، ناشکرے لوگ کہاں چھوٹ کر جائیں گے اگر یہ بات کو سمجھ لیتے تو ہرگز ایسی حرکتیں نہ کرتے۔ بدلا ہر چیز کا اسی روز ملے گا اور کسی کو انکار کی گنجائش نہ رہے گی۔

## سورۃ الھُمَزۃ

سورۃ الھُمَزۃ مکّی سورۃ ہے۔ اس میں نو آیات اور ایک رکوع ہے۔ اس سورۃ میں بتایا گیا ہے کہ ہر اس شخص کے لیے بُرا انجام ہے جو پیٹھ پیچھے لوگوں کی بُرائیاں کرتا ہے۔ وہ ایسا شخص ہے جو بُخل جیسی بُری عادت میں بھی مبتلا ہے۔ اس کی زندگی کا مقصد صرف اور صرف مال جمع کرنا اور اسے گنتے رہنا ہے۔ اسے معلوم ہونا چاہیے کہ اس کا مال ہمیشہ اس کے ساتھ نہیں رہے گا۔ اپنی اس قبیح عادت کی بنا پر وہ دوزخ کی آگ میں ڈال دیا جائے گا۔

### اِعادہ

اگلا سبق پڑھانے سے قبل پچھلی سورۃ تمام طلبہ و طالبات سے زبانی سنی جائے۔

## عملي ڪم

حفظ جي لاءِ ڏنل ننڍن سورتن جي قرات جو مقابلو ڪرائجي.

## گهر جو ڪم

پڙهايل سورت کي اڃان چڱي طرح ياد ڪرڻ جو چئجي. ۽ اها سورت خوش خط لکڻ جي لاءِ ڏجي.

# حفظ ۽ ترجمو

# سورة الانشراح

## پڙهائڻ جا مقصد

طالبَ سورة الانشراح کي حفظ ڪرائڻ ۽ هن جو ترجمو ڪرڻ جي قابل ٿي وڃن. ۽ هن جي تعارف ۽ هن جي اهميت کان بہ واقف ٿي وڃن.

## پڙهائڻ ۾ مدد

قرات جي رڪارڊنگ. لکن وارو بورڊ. سورة الانشراح لفظي ۽ بامحاوري ترجمي سان چارٽ تي لِکي ڪلاس ۾ لڳائجي.

## پڙهائڻ جو طريقو

حفظ ۽ ترجمي جي لاءِ ڪتاب ۾ ڏنل سورة الانشراح جي پوري تعارف کان طالبن کي آگاهہ ڪجي. ترجمو لکن وارو بورڊ تي لِکجي. اها سورت طالبن کي زباني ياد ڪرائجي ۽ الڳ الڳ ٻُڌجي. حفظ جي لاءِ تجويد تي خاص توجہ ڏجي جيئن طالبَ صحيح تلفظ سان ياد ڪري سگهن. حفظ ۽ ترجمي جي لاءِ پڙهائڻ جو عام طريقو اختيار ڪجي.

سورة الانشراح مڪّي ۾ نازل ٿي جنهن ۾ اٺ آيتون آهن. پاڻﷺ جي همٿ ۽ جائي جم کان موجود قابليت جنهن ڪمالن ۽ مقامن تي پهچڻ جي گهر ڪندي هئي، قلب مبارڪ کي بشري تقاضن جي ڪري مشڪل لڳندو هوندو جيئن تہ حديثن کان ثابت آهي تہ ظاهري طور تي بہ فرشتن گهٽا ئي پيرا پاڻﷺ جو سينو مبارڪ کولي هن ۾ علمَ ۽ معارف جا سمنڊ لاٿا. نبوت جي ذميوارين ۽ رسالت جا فرضَ برداشت ڪرڻ جو حوصلو وڌايو تہ مشڪلون هلي ويون. الله تعاليٰ پيغمبرن ۽ فرشتن ۾ پاڻ ﷺ جو ذڪر اُچو ڪيو. دنيا جا سڀ انسان تمام عزت سان پاڻﷺ جو ذڪر ڪندا

## عملی کام

حفظ کے لیے دی گئی تینوں سورتوں کی قرأت کا مقابلہ کروایا جائے۔

## گھر کا کام

پڑھائی گئی سورۃ کو مزید اچھی طرح زبانی یاد کرنے کے لیے کہا جائے۔ نیز یہی سورۃ خوش خط لکھنے کو دی جائے۔

# حفظ و ترجمہ

# سورۃ الانشراح

## مقاصدِ تدریس

طلبہ و طالبات سورۃ الانشراح کو حفظ کرنے اور اس کا ترجمہ کرنے کے قابل ہوجائیں۔ نیز اس کے تعارف اور اس کی اہمیت سے بھی واقف ہوجائیں۔

## معاوناتِ تدریس

قرأت کی ریکارڈنگ۔ تختۂ تحریر۔ سورۃ الانشراح مع لفظی و با محاورہ ترجمہ چارٹ پر لکھ کر جماعت میں آویزاں کردی جائے۔

## طریقۂ تدریس

حفظ و ترجمہ کے لیے کتاب میں دی گئی سورۃ الانشراح کے مکمل تعارف سے طلبہ و طالبات کو آگاہ کیا جائے۔ ترجمہ تختۂ تحریر پر لکھ کر سمجھایا جائے۔ یہ سورۃ طلبہ و طالبات کو زبانی یاد کروائی جائے اور فرداً فرداً سنی جائے۔ حفظ کے لیے تجوید پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ طلبہ و طالبات صحیح تلفظ کے ساتھ یاد کرسکیں۔ حفظ و ترجمہ کے لیے عمومی طریقۂ تدریس اپنایا جائے۔

سورۃ الانشراح مکّہ میں نازل ہوئی اس کی آٹھ آیتیں ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی ہمت عالی اور پیدائشی استعداد جن کمالات و مقامات پر پہنچنے کا تقاضا کرتی تھی۔ قلبِ مبارک کو تقاضۂ بشری کی وجہ سے دشوار معلوم ہوتا ہوگا جیسا کہ احادیث سے ثابت ہے کہ ظاہری طور پر بھی فرشتوں نے کئی مرتبہ آپ ﷺ کا سینۂ مبارک چاک کیا اور اس میں علوم و معارف کے سمندر اتار دیے گئے۔ نبوت کی ذمہ داریاں اور فرائض رسالت برداشت کرنے کا حوصلہ کشادہ کیا تو دشواریاں جاتی رہیں۔ اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں اور فرشتوں میں نبی اکرم ﷺ کا ذکر بلند کیا۔ دنیا کے تمام انسان نہایت عزت سے

آهن. ڪلمو پاڪ، اذان، اقامت، خطبو التحيات وغيره ۾ الله تعاليٰ جي نالي کان پوءِ پاڻ ﷺ جو نالو ڪنيو ويندو آهي. الله جتي پاڻهن کي پنهنجي اطاعت جو حڪم ڏنو هتي پاڻ ﷺ جي فرمانبرداري جي تاڪيد بہ ڪئي. پاڻ ﷺ الله تعاليٰ جي رضا جي لاءِ جيتريون سختيون برداشت ڪيون، اوتريون ئي آسانيون پيدا ٿينديون ويون ۽ روحاني راحت نصيب ٿي. سورة الانشراح کان معلوم ٿيو تہ جيڪڏهن ڪو سختي تي صبر ڪري ۽ الله تعاليٰ جي فضل ۽ رحمت جو اميدوار هجي تہ الله هن جي حق ۾ آسانيون پيدا ڪندو آهي.

### ورجاءُ

نئون سبق پڙهائڻ کان پهريان سڀ طالبن کان سورة الانشراح ۽ هن جو ترجمو پُڇجي.

### عملي ڪم

طالبن کان سورة الانشراح جي قرات ڪرائجي. خطاطي جو مقابلو ڪرائجي.

### گهر جو ڪم

طالبن کي سورة الانشراح ترجمي سان گهران خوش خط لِکي اچڻ جو چئجي.

## آيت الڪرسي

### پڙهائڻ جا مقصد

سبق جي پڄاڻيءَ تي طالبن کي آيت الڪرسي حفظ ٿي وڃي. هو هن جو لفظي ۽ بامحاوره ترجمو ڪرڻ جي قابل هجن. الله تعاليٰ جي وڏائي ۽ بزرگي کي ڄاڻن. هن جي معنيٰ ۽ مطلبن تي غور ۽ فڪر ڪن. کين ترغيب ڏيارجي تہ اُهي هر نماز کان پوءِ آيت الڪرسي ضرور پڙهن.

### پڙهائڻ ۾ مدد

قرات جو رڪارڊنگ. لکن وارو بورڊ. هڪ چارٽ جنهن تي آيت الڪرسي لفظي ۽ بامحاوره ترجمي سان لکيل هجي.

آپ ﷺ کا ذکر کرتے ہیں۔کلمہ طیبہ، اذان، اقامت، خطبہ، التحیات وغیرہ میں اللہ تعالیٰ کے نام کے بعد آپ ﷺ کا نام لیا جاتا ہے۔ خدا نے جہاں بندوں کو اپنی اطاعت کا حکم دیا وہیں آپ ﷺ کی فرماں برداری کی تاکید کی۔ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لیے جتنی سختیاں برداشت کیں اتنی ہی آسانیاں پیدا ہوتی گئیں۔ روحانی راحت نصیب ہوئی۔ سورۃ الانشراح سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی سختی پر صبر کرے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت کا امیدوار ہو تو وہ اس کے حق میں آسانیاں پیدا فرماتا ہے۔

### اِعادہ

نیا سبق پڑھانے سے پہلے تمام طلبہ و طالبات سے سورۃ الانشراح اور اس کا ترجمہ سنا جائے۔

## عملی کام

طلبہ و طالبات سے سورۃ الانشراح کی قرأت کروائی جائے۔ خطاطی کا مقابلہ کروایا جائے۔

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات کو سورۃ الانشراح مع ترجمہ گھر سے خوش خط لکھ کر لانے کے لیے کہا جائے۔

# آیۃ الکرسی

## مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات آیۃ الکرسی حفظ کر چکے ہوں۔ وہ اس کا لفظی و بامحاورہ ترجمہ کرنے پر قادر ہوجائیں۔ اللہ تعالیٰ کی بڑائی اور بزرگی کو جان لیں۔ اس کے معانی و مطالب پر غور وفکر کریں۔ ان کو ترغیب دلائی جائے کہ وہ ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی ضرور پڑھیں۔

## معاوناتِ تدریس

قرأت کی ریکارڈنگ۔ تختۂ تحریر۔ ایک چارٹ جس پر آیۃ الکرسی مع لفظی و بامحاورہ ترجمہ درج ہو۔

## پڙهائڻ جو طريقو

طالبن کي آيت الڪرسي جو پورو تعارف ڪرائجي. حفظ ۽ ترجمي جي لاءِ پڙهائڻ جو عام طريقو اختيار ڪجي. آيت الڪرسي کي ٻن حصن ۾ ورهائي حفظ ڪرائجي. استاد پهرين حصي جي وڏي آواز ۾ تلاوت ڪري، طالبَ استاد جي پوئلڳي ڪن. هر هر دهرائجي ايستائين جو حفظ ٿي وڃي. ساڳي نموني اڳين ڏينهن ٻيو حصو حفظ ڪرائجي ۽ پهريون حصو زباني ٻُڌجي. آيت الڪرسي جو ترجمو سمجهائڻ جي لاءِ لکن وارو بورڊ جو استعمال ڪجي. لفظي ۽ بامحاوره ترجمو بہ سِکائجي.
هن کان پوءِ طالبن کان واري واري سان مقرر لکن وارو بورڊ تي ترجمو لِکرائجي.
آيت الڪرسي سورة البقره جي آيت نمبر 255 آهي. هن آيت ۾ الله تعاليٰ جي ذات ۽ صفتن جو ذڪر ڪيو ويو آهي. هن آهيت کي پڙهڻ جون گهڻيون فضيلتون آهن.

## ورجاءُ

نئون سبق پڙهڻ کان پهريان سڀ طالبن کان آيت الڪرسي ۽ هن جو ترجمو ٻُڌجي.

## عملي ڪم

سڀ طالبن کان آيت الڪرسي جي قرات ڪرائجي. خطاطي جو مقابلو ڪرائجي.

## گهر جو ڪم

طالبَ آيت الڪرسي ترجمي سان خوش خط لکن.

## طریقۂ تدریس

طلبہ و طالبات کو آیۃ الکرسی کے مکمل تعارف سے آ گاہ کیا جائے۔ حفظ و ترجمہ کے لیے عمومی طریقۂ تدریس سے کام لیا جائے۔ آیۃ الکرسی کو دو حصوں میں تقسیم کر کے حفظ کروایا جائے۔ استاد پہلے حصے کی مثالی بلند خوانی کرے، طلبہ و طالبات استاد کی پیروی میں پڑھیں۔ بار بار دہرایا جائے یہاں تک کہ حفظ ہو جائے۔ اسی طرح اگلے دن دوسرا حصہ حفظ کروایا جائے اور پہلا حصہ زبانی سنا جائے۔ آیۃ الکرسی کا ترجمہ سمجھانے کے لیے تختۂ تحریر کا استعمال کیا جائے۔ الفاظ کا لفظی و بامحاورہ ترجمہ سکھایا جائے۔ اس کے بعد طلبہ و طالبات سے باری باری تختۂ تحریر پر ترجمہ لکھوایا جائے۔

آیۃ الکرسی سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۲۵۵ ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کا بیان ہے۔ اس آیت کے بے شمار فضائل ہیں۔

### اِعادہ

نیا سبق پڑھانے سے پہلے تمام طلبہ و طالبات سے آیۃ الکرسی اور اس کا ترجمہ سنا جائے۔

## عملی کام

تمام طلبہ و طالبات سے آیۃ الکرسی کی قرأت کروائی جائے۔ خطاطی کا مقابلہ کروایا جائے۔

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات آیۃ الکرسی مع ترجمہ خوش خط تحریر کریں۔

باب پهريون: ايمانيات ۽ عبادتون

# آخرت جو عقيدو

## پڙهائڻ جا مقصد

سبق جي پڇاڙيءَ تي طالب سبق جي وضاحت جي قابل هجن. طالبَ آخرت جي عقيدي جي بنيادي ڳالهين کان چڱيءَ طرح آگاهہ ٿي وڃن. عقلي دليلن سان گڏ آخرت جي عقيدي کي طالبن جي ذهنن ۾ پڪّو ڪجي. طالبن کي آخرت جي عقيدي ذريعي پنهنجي سيرت ۽ ڪردار کي بدلڻ جي لاءِ تيار ڪجي.

## پڙهائڻ ۾ مدد

هڪ چارٽ جنهن تي جنّت ۽ دوزخ جي اهم خصوصيتون لکيل هجن. جيئن:

جنّت: سهڻا باغَ، واهيون، محلَ، سُڪون .....

دوزخ: باهہ، پٿر، ڪنڊا، گرمي، سزائون .....

## پڙهائڻ جو طريقو

بياني طريقو ۽ سوال جواب کي ملائي سبق جي وضاحت ڪيو.

ڇا هن ڪائنات کي ڏِسي ڪڏهن توهان کي هن جي فنا ٿيڻ جو خيال ايندو آهي؟ ڇا ڪڏهن توهان هن ڳالهہ تي غور ڪيو آهي تہ اسان جي زندگين جو مقصد ڇا آهي؟ اسان جي ابدي زندگي جي شروعات ڪڏهن ٿيندي؟ ۽ هن زندگي جي ڪاميابي جو مدار ڪنهن عوامل تي آهي؟ آخرت جي عقيدي جو مطلب ڇا آهي؟

آخرت جو عقيدو اسان جي بنيادي عقيدن (الله تعالىٰ تي ايمان، فرشتن ۽ رسولن تي ايمان، نبين تي نازل ٿيل ڪتابن، تقدير تي ايمان ۽ آخرت تي ايمان) مان هڪ آهي. هن کان ڇا مراد آهي؟ هن جي عقلي سمجهاڻي ڇا آهي؟ هن جو اعمال تي ڪهڙو اثر ٿيندو آهي؟ هن سڀ ڳالهيون اسان اڄ پڙهنداسين.

## ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:

1. قيامت جو ڇا مطلب آهي؟
2. توهان جي ذهن ۾ موت کان پوءِ زندگي جو ڪهڙو تصور آهي؟

باب دوم : ایمانیات و عبادات

# عقیدۂ آخرت

## مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات سبق کی وضاحت کے قابل ہوجائیں۔ طلبہ و طالبات عقیدۂ آخرت کے بنیادی اجزا سے مکمل طور پر آگاہ ہوجائیں۔ عقلی دلائل کے ساتھ عقیدۂ آخرت کو طلبہ و طالبات کے ذہنوں میں پختہ کیا جائے۔ طلبہ و طالبات کو عقیدۂ آخرت کے تحت اپنی سیرت و کردار بدلنے کے لیے تیار کیا جائے۔

## معاوناتِ تدریس

ایک چارٹ جس پر جنّت اور دوزخ کی اہم خصوصیات درج ہوں۔ مثلاً
جنّت : خوبصورت باغات، نہریں، محلات، سکون ......
دوزخ : آگ، پتھر، گڑھے، گرمی، سزائیں ......

## طریقۂ تدریس

طریقۂ بیانیہ اور سوال جواب کے امتزاج سے سبق کی وضاحت کی جائے۔
کیا اس کائنات کو دیکھ کر کبھی آپ کو اس کے فنا ہونے کا خیال آتا ہے؟ کیا کبھی آپ نے اس بات پر غور کیا ہے کہ ہم لوگوں کی زندگی کا کیا مقصد ہے؟ ہماری ابدی زندگی کا آغاز کب ہوگا؟ اور اس زندگی کی کامیابی کا انحصار کن عوامل پر ہوگا؟ عقیدۂ آخرت کا کیا مفہوم ہے؟
عقیدۂ آخرت ہمارے بنیادی عقائد (اللہ تعالیٰ پر ایمان، فرشتوں اور رسولوں پر ایمان، انبیا پر نازل کردہ کتابوں، تقدیر پر ایمان اور آخرت پر ایمان) میں سے ایک ہے۔ اس سے کیا مراد ہے؟ اس کی عقلی توجیہہ کیا ہے؟ اس کا اعمال پر کیا اثر پڑتا ہے؟ وغیرہ۔ ان سب باتوں کا مطالعہ ہم آج کے سبق میں کریں گے۔

## اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں :
۱۔ قیامت کا مطلب کیا ہے؟
۲۔ آپ کے ذہن میں موت کے بعد کی زندگی کا کیا تصور ہے؟

3. اسان جي هميشہ جي ڪاميابيءَ جو دارومدار ڪهڙي ڳالهين تي آهي؟
4. آخرت جو عقيدو اسان کي هڪ مڪمل مسلمان ٺاهڻ ۾ مدد ڏيندو آهي. توهان جو ڇا خيال آهي؟

### عملي ڪم

سيرت ۽ ڪردار جي تعمير ۾ آخرت جي عقيدي جو ڇا ڪردار هوندو آهي؟ طالبَ پنهنجي لفظن ۾ لکو.

### گهر جو ڪم

طالبَ قرآن شريف مان اهي آيتون تلاش ڪري ترجمي سان لکن جيڪي آخرت جي عقيدي بابت هجن.

## روزي جي فضيلت

### پڙهائڻ جا مقصد

سبق جي پڄاڻي تي طالبَ روزي جي فضيلت ۽ هن جي معاشرتي اثرن کان مڪمل طور تي آگاهہ ٿي وڃن. ڪين پوري مهيني جا روزا رکڻ جي ترغيب ڏجي. روزي جا معاشرتي اثرن جي پرک ڪجي.

### پڙهائڻ ۾ مدد

چارٽ جنهن تي روزي جي فضيلت بابت قرآني آيتون ۽ حديث لکيل هجن. لکن وارو بورڊ.

### پڙهائڻ جو طريقو

سبق جي وضاحت بياني ۽ سوال جواب جي انداز ۾ ڪجي. سبق جي علاوه بہ معلومات ڏجي. روزي جا مسئلن تي بہ بحث ڪجي.
ٻارڻو! اسان ڪنهن اسلامي مهيني ۾ روزا رکندا آهيون؟ ڇا روزو پوئين قومن تي بہ فرض هو؟ هن سلسلي ۾ ڪنهن قرآني آيت جو حوالو ڏيو. روزي ۾ کائڻ پيئڻ کان روڪڻ سان گڏوگڏ ڪنهن شيئن کان بچڻ گهرجي؟ روزو رکڻ جا ڪهڙا فائدا آهن؟

### ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:
1. روزو فرض عبادت آهي. هن عبادت جا ڪهڙا مقصد آهن؟

۳۔ ہماری ابدی فلاح کا دار و مدار کن باتوں پر ہے؟
۴۔ عقیدۂ آخرت ہمیں ایک مکمل مسلمان بننے میں مدد دیتا ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

### عملی کام

تعمیرِ سیرت و کردار میں عقیدۂ آخرت کیا کردار ادا کرتا ہے؟ طلبہ و طالبات اپنے الفاظ میں لکھیں۔

### گھر کا کام

طلبہ و طالبات قرآنِ مجید میں سے وہ آیات تلاش کر کے مع ترجمہ لکھیں جو عقیدۂ آخرت کے متعلق ہوں۔

## روزے کی فضیلت

### مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات روزے کی فضیلت اور اس کے معاشرتی اثرات سے مکمل طور پر آگاہ ہوجائیں۔ انھیں پورے مہینے کے روزے رکھنے کی ترغیب دی جائے۔ روزے کے معاشرتی اثرات کا جائزہ لیا جائے۔

### معاوناتِ تدریس

چارٹ جس پر روزے کی فضیلت سے متعلق قرآنی آیات و احادیث درج ہوں۔ تختۂ تحریر۔

### طریقۂ تدریس

سبق کی وضاحت بیانیہ اور سوال جواب کے انداز میں کی جائے۔ سبق کے علاوہ بھی معلومات فراہم کی جائے۔ روزے کے مسائل پر بھی بحث کی جائے۔
بچو! ہم لوگ کس اسلامی مہینے میں روزے رکھتے ہیں؟ کیا روزہ گزشتہ اقوام پر بھی فرض تھا؟ اس سلسلے میں کسی قرآنی آیت کا حوالہ دیں۔ روزے میں کھانے پینے سے رُکنے کے علاوہ اور کن چیزوں سے بچنا چاہیے؟ روزہ رکھنے کے کیا کیا فائدے ہیں؟

### اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں :
۱۔ روزہ فرض عبادت ہے۔ اس عبادت کے کیا مقاصد ہیں؟

2. روزي جي ڪري اسان کي غريبن سان همدردي ۽ هنن کي مالي مدد ڏيڻ جو درس ملندو آهي. ڪيئن؟
3. روزو اسان جي جسماني صحت تي ڪهڙو اثر وجهندو آهي؟
4. تقويٰ جي فضيلت بيان ڪيو جيڪو روزي جي ڪري حاصل ٿيندو آهي.

### عملي ڪم

طالبن ۾ روزي جي فضيلت ۽ هن جي معاشرتي اثرن تي مضمون لکڻ جو مقابلو ڪرائجي.

### گهر جو ڪم

طالبَ روزي جي فضيلت بابت ٻيون قرآني آيتون ۽ حديثون ڳولي لکن.

## حج ۽ ان جي عالمگيريت

### پڙهائڻ جا مقصد

حج ڪان ڇا مراد آهي؟ هن جي آدابن ۽ مناسڪن کان طالبن کي آگاهه ڪجي. هن جا عالمگير فائدا سمجهائجن. ايستائين جو سبق جي پڄاڻي تي طالب هن جي دليلن سان وضاحت ڪرڻ جي قابل ٿي وڃن. کين شوق ڏيارجي تہ اهي پنهنجو فرض جي ادائي کي سدائين نظرن جي سامهون رکن ۽ زندگي ۾ جڏهن بہ موقعو ملي، هن فرض کي ضرور ادا ڪن.

### پڙهائڻ ۾ مدد

ڪعبي شريف جي تصوير. هن سڀ جاين جو تصويرون جتي مناسڪِ حج ادا ڪيا ويندا آهن. لکن وارو بورڊ.

### پڙهائڻ جو طريقو

خطابت جو طريقو ۽ جائزي کان سبق جي وضاحت ڪجي.
ڇا حج اسلام جو رڪن آهي؟ اهو اسلامي سال جي ڪهڙي مهيني ۾ ۽ ڪڏهن ادا ڪيو ويندو آهي؟
حج هڪ اهڙي عبادت آهي جيڪا پنهنجي اندر گهڻا ئي فائدي رکي ٿي. هن جا گهڻا مناسڪِ اسان کي حضرت ابراهيم عليه السلام، ٻانڻ جي زال حضرت هاجره رضي الله عنها ۽ پُٽ حضرت اسماعيل عليه السلام تي اچڻ وارن آزمائشن جي ياد ڏياريندا آهن. حج سڀ عبادتن جو جوهر آهي ۽ دنيا جهان جي مسلمانن جي ايڪتا جي لاءِ هڪ وڏو اثرائتو ذريعو آهي. اڄ اسان تفصيل سان هن سڀ ڳالهين جو پرک ڪنداسين.

۲۔ روزے کی بدولت ہمیں غریبوں سے ہمدردی اور ان کی مالی معاونت کا درس ملتا ہے۔ کیسے؟
۳۔ روزہ ہماری جسمانی صحت پر کیا اثر ڈالتا ہے؟
۴۔ تقویٰ کی فضیلت بیان کریں جو روزے کی بدولت حاصل ہوتا ہے۔

## عملی کام

طلبہ و طالبات کے درمیان روزے کی فضیلت اور اس کے معاشرتی اثرات پر مضمون نویسی کا مقابلہ کروایا جائے۔

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات روزے کی فضیلت سے متعلق دیگر قرآنی آیات و احادیث تلاش کر کے لکھیں۔

# حج اور اس کی عالمگیریت

## مقاصدِ تدریس

حج سے کیا مراد ہے؟ اس کے آداب اور مناسک سے طلبہ و طالبات کو آگاہ کیا جائے۔ اس کے عالمگیر فوائد پر روشنی ڈالی جائے۔ یہاں تک کہ سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات اس کی مدلّل وضاحت کے قابل ہو جائیں۔ ان کو شوق دلایا جائے کہ وہ اس فرض کی ادائیگی کو ہمیشہ مدنظر رکھیں اور زندگی میں جب بھی موقع ملے، اس فرض کو ضرور ادا کریں۔

## معاوناتِ تدریس

خانۂ کعبہ کی تصویر۔ ان تمام مقامات کی تصاویر جہاں مناسک حج ادا کیے جاتے ہیں۔ تختۂ تحریر۔

## طریقۂ تدریس

طریقۂ خطابت اور جائزہ سے سبق کی وضاحت کی جائے۔

کیا حج اسلام کا رکن ہے؟ یہ اسلامی سال کے کس مہینے میں اور کہاں ادا کیا جاتا ہے؟ حج ایک ایسی عبادت ہے جو اپنے اندر بہت سے فائدے سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کے بیشتر مناسک ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام، ان کی بیوی حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا اور بیٹے حضرت اسماعیل علیہ السلام پر آنے والی بہت سی آزمائشوں کی یاد دلاتے ہیں۔ حج تمام عبادتوں کا نچوڑ ہے اور دنیا بھر کے مسلمانوں کو متحد کرنے کا ایک بڑا مؤثر ذریعہ ہے۔ آج ہم تفصیل سے ان تمام باتوں کا جائزہ لیں گے۔

## ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:

1. حج ڪنهن ماڻهن تي فرض آهي؟
2. مناسڪِ حج ۾ سعي کان ڇا مراد آهي؟
3. رَمي ڇو ڪئي ويندي آهي؟
4. تقويٰ کي بهترين توشو ڇو چوندا آهن؟
5. حج سان بين الاقوامي تعلقن کي ڪيئن فروغ ملندو آهي؟

## عملي ڪم

جنهن جاين تي مناسڪِ حج ادا ڪيا ويندا آهن، طالبَ هنن جو تصويرون جمع ڪري البم ۾ لڳايو.

## گهر جو ڪم

طالبَ سعي ۽ قرباني جو پس منظر پنهنجي لفظن ۾ لکو.

## اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں :

۱۔ حج کن لوگوں پر فرض ہے؟

۲۔ مناسک حج میں سعی سے کیا مراد ہے؟

۳۔ رمی کیوں کی جاتی ہے؟

۴۔ تقویٰ کو بہترین زادِ راہ کیوں کہا گیا ہے؟

۵۔ حج سے بین الاقوامی تعلقات کو کیسے فروغ ملتا ہے؟

## عملی کام

جن مقامات پر مناسکِ حج ادا کیے جاتے ہیں، طلبہ و طالبات ان کی تصاویر جمع کریں اور البم میں لگائیں۔

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات سعی اور قربانی کا پس منظر اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

باب ٽيون: سيرت طيبہ

# خلقِ عظيم

## پڙهائڻ جا مقصد

طالبن کي نبي اڪرمﷺ جي رحمت ۽ شفقت جي پهلوءَ کان ايئن روشناس ڪرائجي تي اهي سبق جي پڇاڙي تي هن جي دليلن سان وضاحت ڪري سگهن. طالبن کي ترغيب ڏجي تہ اهي پنهنجي عملي زندگي ۾ هن جي پوئلڳي ڪندا ۽ ٻين جي لاءِ رحمت ۽ شفقت ڏيکاريندا. استاد پنهنجي ورتاءُ سان هنن کي پاڻ ۾ رحمت ۽ شفقت جو درس ڏي.

## پڙهائڻ ۾ مدد

رحمت ۽ شفقت بابت آيتن ۽ حديثن جو چارٽ. لکن وارو بورڊ.

## پڙهائڻ جو طريقو

بياني طريقو ۽ سوال جواب کي ملائي سبق جي وضاحت ڪجي.

حضرت محمدﷺ جي حياتي قرآن شريف جو هلندڙ ڦرندڙ مثال هئي. هن جي سڀ حڪمن کي نبي اڪرمﷺ پنهنجي زندگي ۾ اختيار ڪري اسان جي لاءِ بهترين مثال ڇڏيو آهي. رحمت ۽ شفقت پاڻ ﷺ جي اُچي اخلاق جو حصو هئي. اڄ اسان نبي اڪرم ﷺ جي حياتيءَ جي هن پاسن جو جائزو وٺنداسين ۽ پنهنجي عملي زندگي جي لاءِ اصول ڪڍنداسين. پاڻﷺ جي رحمت ۽ شفقت دنيا جي سڀ مخلوقن جي لاءِ هئي. هن جي مختلف صورتن جي مطالعو ئي اسان جو اڄ جو موضوع آهي.

## ورجاءُ

ورجاءُ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ پڇي سگهجن ٿا:

1. مسلم امّت تي رحمت اللعالمينﷺ جو سڀ کان وڏو لطف ۽ ڪرم ڇا آهي؟
2. ڪافرن پاڻﷺ تي ظلم ۽ ستم انتها ڪري ڇڏي پر پاڻﷺ کين پِٽَ نہ ڏني. ڇو؟
3. عورتن تي پاڻﷺ ڪيئن ڪرم فرمايو؟
4. خادمن ۽ غلامن سان پاڻﷺ ڪهڙو ورتاءُ فرمائيندا هئا؟

باب سوم : سیرتِ طیبہ

# خلقِ عظیم

## مقاصدِ تدریس

طلبہ و طالبات کو نبی اکرم ﷺ کی رحمت و شفقت کے پہلو سے اس طرح روشناس کرایا جائے کہ وہ سبق کے اختتام پر اس کی مدلّل وضاحت کرسکیں۔ طلبہ و طالبات کو ترغیب دلائی جائے کہ وہ اپنی عملی زندگی میں اس کی پیروی کریں اور دوسروں کے لیے رحمت و شفقت کا مظاہرہ کریں۔ استاد اپنے رویے سے انھیں آپس میں رحمت و شفقت کا درس دے۔

## معاوناتِ تدریس

رحمت و شفقت سے متعلق آیات و احادیث کا چارٹ۔ تختۂ تحریر۔

## طریقۂ تدریس

طریقۂ بیانیہ اور سوال جواب کے امتزاج سے سبق کی وضاحت کی جائے۔

حضرت محمد ﷺ کی زندگی قرآن کا چلتا پھرتا نمونہ تھی۔ اس کے تمام احکامات کو آپ ﷺ نے اپنی زندگی میں اپنا کر ہمارے لیے بہترین نمونہ چھوڑا ہے۔ رحمت و شفقت آپ ﷺ کے اعلیٰ اخلاق کا حصہ ہے۔ آج ہم نبی اکرم ﷺ کی زندگی کے اسی پہلو کا جائزہ لیں گے اور اپنی عملی زندگی کے لیے اصول اخذ کریں گے۔ آپ ﷺ کی رحمت و شفقت تمام مخلوقاتِ عالم کے لیے تھی۔ اس کی مختلف صورتوں کا مطالعہ ہی ہمارا آج کا موضوع ہے۔

## اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں :

۱۔ امتِ مسلمہ پر رحمۃ اللعالمین کا سب سے بڑا لطف و کرم کیا ہے؟

۲۔ کفار نے آپ ﷺ پر ظلم و ستم کی انتہا کردی لیکن آپ ﷺ نے انھیں بددعا نہ دی۔ کیوں؟

۳۔ عورتوں پر آپ ﷺ نے کیا کرم فرمایا؟

۴۔ خادموں اور غلاموں کے ساتھ آپ ﷺ کیسا برتاؤ فرمایا کرتے تھے؟

## عملي ڪم

”زمين وارن تي رحم ڪيو آسمان وارو توهان تي رحم ڪندو.“ هن حديث جي روشني ۾ تقريري مقابلو ڪرائجي.

## گهر جو ڪم

طالبَ ”ٻارن تي رحمت ۽ شفقت“ بابت نبي اڪرم ﷺ جي حياتيءَ ڪان ٻه واقعا پنهنجي لفظن ۾ لِکو. پنهنجي تجربي ۽ مشاهدي جي بنياد تي ڪو واقعو لکيو.

# صبر ۽ تحمل

## پڑهائڻ جا مقصد

سبق جي پڄاڻي تي طالبَ سبق جي وضاحت جي قابل ٿي وڃن. طالبَ پاڻ ۾ ويڙهه جهيڙهه ڪان پاسو وٺن ۽ صبر ۽ تحمل جو مظاهرو ڪرڻ سِڪي وڃن.

## پڑهائڻ ۾ مدد

صبر ۽ تحمل بابت قرآن شريف جون آيتن (ترجمي سان) ۽ حديثن جو چارٽ. لکن وارو بورڊ.

## پڑهائڻ جو طريقو

بياني ۽ جائزي جي طريقن ذريعي سبق جي وضاحت ڪجي.

اسوه حسنہ جو هڪ عظيم پهلو صبر ۽ تحمل بہ آهي. نبي اڪرمﷺ نہ رڳو حق جي رستي ۾ مڪّي جي ڪافرن جا ظلمَ برداشت ڪيا پر پنهنجي ذاتي زندگي ۾ اچڻ وارن مصيبتن ۽ تڪليفن کي بہ صبر سان برداشت ڪيو. اڄ اسان هن جي تفصيلَ پڑهنداسين پر هن ڪان پهريان هن ڳالهہ جو مطالعو ڪنداسين تہ حقيقت ۾ صبر ۽ تحمل ڇا کي چوندا آهن؟ ۽ هن جي اهميت ۽ فضيلت ڇا آهي؟

## ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:

1. هڪ مومن پنهنجي زندگي جي مصيبتن تي صبر ۽ تحمل ڇو ڏيکاريندو آهي؟
2. شعب ابي طالب ۾ پاڻﷺ پنهنجي خاندان وارن سان گڏ ٽي سالن تہ محصور رهيا. مڪّي جي ڪافرن پاڻ سان هر قسم جو لاڳاپا ختم ڪري ڇڏيا. توهان جي خيال ۾ هتي هنن کي ڪهڙيون ڪهڙيون مشڪلون پيش آيون هونديون؟

## عملی کام

''اہلِ زمین پر رحم کرو، آسمان والا تم پر رحم کرے گا۔'' اس حدیث کی روشنی میں تقریری مقابلہ منعقد کروایا جائے۔

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات ''بچّوں پر رحمت و شفقت'' سے متعلق نبی اکرم ﷺ کی زندگی سے کوئی دو واقعات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ اپنے تجربے یا مشاہدے کی بنا پر کوئی واقعہ تحریر کریں۔

# صبر و تحمّل

## مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات سبق کی وضاحت کے قابل ہوجائیں۔ طلبہ و طالبات آپس میں لڑائی جھگڑے سے گریز کریں اور صبر و تحمّل کا مظاہرہ کرنا سیکھ جائیں۔

## معاوناتِ تدریس

صبر و تحمّل سے متعلق قرآنی آیات (مع ترجمہ) اور احادیث کا چارٹ۔ تختۂ تحریر۔

## طریقۂ تدریس

طریقۂ بیانیہ اور جائزہ کے ذریعے سبق کی وضاحت کیجیے۔

اسوۂ حسنہ کا ایک عظیم پہلو صبر و تحمّل بھی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے نہ صرف راہِ حق میں کفارِ مکّہ کے ظلم و ستم کو سہا بلکہ اپنی ذاتی زندگی میں آنے والے مصائب و تکالیف کو بھی نہایت صبر کے ساتھ برداشت کیا۔ آج ہم اسی کی تفصیلات پڑھیں گے لیکن اس سے پہلے اس بات کا مطالعہ کریں گے کہ حقیقت میں صبر و تحمّل کسے کہتے ہیں؟ اور اس کی اہمیت و فضیلت کیا ہے؟

## اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں:

۱۔ ایک مومن اپنی زندگی کے مصائب پر صبر و تحمّل کا مظاہرہ کیوں کرتا ہے؟

۲۔ شعب ابی طالب میں آپ ﷺ اپنے خاندان والوں کے ساتھ تین سال تک محصور رہے۔ کفارِ مکّہ نے ان سے ہر طرح کا تعلق ختم کرلیا۔ آپ کے خیال میں وہاں انھیں کیا کیا مشکلات پیش آئی ہوں گی؟

3. حضرت حمزه رضي الله عنه جو لاش ڏسي پاڻ ﷺ کي گھڻو صدمو ٿيو. هن هوندي بہ پاڻ ﷺ مڪّي وارن کان بدلو نہ ورتو. هن جي ڇا وجه هئي؟
4. جيڪڏهن مشڪلن ۾ مصيبتن تي صبر ۽ تحمل نہ ڪجي تہ ڪهڙيون پريشانيون لاحق ٿينديون آهن؟

## عملي ڪم

طالبَ هن موضوع تي خيالَ ظاهر ڪن تہ طالب علم جي حيثيت سان اهي ڪِٿي ۽ ڪيئن صبر ۽ تحمل ڏيکاري سگهن ٿا؟

## گهر جو ڪم

طالبَ "ان الله مع الصابرين" جي موضوع تي هڪ مضمون لکو.

# حسنِ معاشرت

## پڙهائڻ جا مقصد

سبق جي پڄاڻي تي طالبَ موضوع جو دليلن سان وضاحت جي قابل ٿي وڃن. اهي پاڻ ۾ پيار محبت سان رهڻ سکي وڃن. اهو هي هڪ جي مرتبي جو خيال رکڻ سکي وڃن. اهي اسڪول، گهر ۽ گهر کان ٻاهر سدائين خوش اخلاقي جو مظاهرو ڪرڻ جو پڪو ارادو ڪن.

## پڙهائڻ ۾ مدد

لکن وارو بورڊ. چارٽ جنهن تي حسن معاشرت بابت آيتون ترجمي سان لکيل هجن. چارٽ جنهن تي هن موضوع بابت حديثَ لِکيل هجن.

## پڙهائڻ جو طريقو

بياني طريقي ۽ جائزي ذريعي سبق جي وضاحت ڪجي.
مسلمان معاشري جون ڪهڙيون خاصيتون هجڻ گهرجن؟ هتي رهڻ وارن جو طرزِ معاشرت ڪيئن هجڻ گهرجي؟ هنن جو پاڻ ۾ سلوڪ ڪيئن هجڻ گهرجي؟ هن سلسلي ۾ اسلامي تعليمون ڪهڙيون آهن؟ حضور اڪرم ﷺ معاشري ۾ زندگي گزارڻ جا ڪهڙا عملي درس ڏِنا آهن؟ هن سڀ سوالن جا جوابَ اسان جي اڄ جي موضوع جو حصو آهن.

۳۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی لاش کو دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بے حد صدمہ ہوا اس کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریشِ مکّہ سے انتقام نہ لیا۔ اس کی کیا وجہ تھی؟

۴۔ اگر مشکلات و مصائب پر صبر و تحمل نہ کیا جائے تو کیا پریشانیاں لاحق ہوسکتی ہیں؟

## عملی کام

طلبہ و طالبات اس موضوع پر اظہار خیال کریں کہ بحیثیت طالب علم وہ کہاں کہاں اور کس کس طرح صبر و تحمل کا مظاہرہ کر سکتے ہیں؟

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات 'ان اللہ مع الصابرین' کے عنوان کے تحت ایک مضمون تحریر کریں۔

# حسنِ معاشرت

## مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات موضوع کی مدلّل وضاحت کے قابل ہوجائیں۔ وہ آپس میں پیار محبت سے رہنا سیکھ جائیں۔ وہ ہر ایک کے مرتبے کا خیال رکھنا سیکھ لیں۔ وہ اسکول، گھر اور گھر سے باہر ہمیشہ خوش اخلاقی کا مظاہرہ کرنے کا پختہ ارادہ کرلیں۔

## معاوناتِ تدریس

تختۂ تحریر۔ چارٹ جس پر حسنِ معاشرت سے متعلق آیات مع ترجمہ درج ہوں۔ چارٹ جس پر اس موضوع سے متعلق احادیث درج ہوں۔

## طریقۂ تدریس

طریقۂ بیانیہ اور جائزہ کے ذریعے سبق کی وضاحت کی جائے۔

مسلم معاشرے کی کیا خصوصیات ہونی چاہئیں؟ وہاں کے رہنے والوں کا طرزِ معاشرت کیسا ہونا چاہیے؟ ان کا آپس میں سلوک کیسا ہونا چاہیے؟ اس سلسلے میں اسلامی تعلیمات کیا ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے معاشرے میں زندگی گزارنے کا کیا عملی درس دیا ہے؟ ان تمام سوالات کے جوابات ہمارے آج کے موضوع کا حصہ ہیں۔

پنهنجي گهر وارن، مِٽن مائٽن، پاڙيسرن ۽ معاشري جي ٻين ماڻهن سان خوش اخلاقي ۽ سڄڻپي جو ورتاءُ ڪرڻ "حُسنِ معاشرت" چئبو آهي. حسن معاشرت جو عملي مثال نبي اڪرمﷺ جي ذات کان ملندو آهي.

پاڻﷺ پنهنجي گهر وارن ۽ صحابہ ڪرام رضي الله عنهم سان سدائين ڪِلمُک جو مظاهرو ڪندا، هنن سان گڏجي رهندا، ٻارن کي پنهنجي جهوليءَ ۾ ويهاريندا، سڀن جو دعوت قبول ڪندا، مريضن جي عيادت ڪندا، يتيم، بيواهہ، محتاج، مسافر سڀن سان سٺو سلوڪ ڪندا، سلام ۾ پهريان ڪندا ۽ ماڻهن سان سدائين خوش ٿي ملندا.

انهيءَ ڪري حسن معاشرت پاڻﷺ جي طرزِ عمل ۽ سيرت پاڪ کان سکي سگهي ٿو. هڪ مثالي معاشرو ئاهڻ پاڻﷺ جي طريقي جي پوئلڳي سان ئي ممڪن آهي. جيڪڏهن ايئن ٿي وڃي تہ اها دنيا امن ۽ راحت ۽ پيار محبت جو گهوارو ٿي وڃي.

## ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:

1. جيڪڏهن ماڻهو هڪ ٻئي جا حقَ ادا نہ ڪندا تہ معاشري ۾ ڪهڙا ڪهڙا فساد پيدا ٿي سگهن ٿا؟
2. ڇا ماحول بہ معاشري جو حصو آهي؟ هن کي آلودگيءَ کان بچائڻ جي لاءِ ڪهڙا قدمَ کڻڻ گهرجن؟
3. قانون جو احترام ۽ ٽريفڪ جي قانونن جي پابندي ڇو ضروري آهي؟
4. حسنِ معاشرت بابت نبي اڪرمﷺ جي طرزِ عمل جو تتُ ٻڌايو.

## گهر جو ڪم

حسن معاشرت کي پهريان پنهنجي گهر، پاڙي ۽ مدرسي ۾ ڪيئن قائم رکي سگهون ٿا؟ طالبَ لکو.

اپنے گھر والوں ، رشتہ داروں ، پڑوسیوں اور معاشرے کے دیگر افراد کے ساتھ خوش اخلاقی اور ملنساری کا برتاؤ کرنا 'حسنِ معاشرت' کہلاتا ہے۔حسنِ معاشرت کا عملی نمونہ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات میں ملتا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے گھر والوں اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ ہمیشہ خوش طبعی کا مظاہرہ فرماتے ، ان کے ساتھ مل جل کر رہتے ، بچّوں کو اپنی گود میں بٹھا لیتے، سب کی دعوت قبول کر لیتے ، مریضوں کی عیادت کرتے ، یتیم ، بیوہ ، محتاج ، مسافر سب سے اچھا سلوک کرتے ، سلام میں پہل کرتے اور لوگوں سے ہمیشہ خندہ پیشانی سے ملتے۔

پس حسنِ معاشرت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے طرزِ عمل اور سیرتِ طیبہ سے سیکھا جاسکتا ہے۔ ایک مثالی معاشرے کا قیام آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے طریقے کی پیروی سے ہی ممکن ہے۔ اگر ایسا ہوجائے تو یہ دنیا امن و راحت اور پیار، محبت کا گہوارہ بن جائے۔

## اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں :

۱۔ اگر لوگ ایک دوسرے کے حقوق ادا نہ کریں تو معاشرے میں کیا کیا فساد جنم لے سکتے ہیں؟

۲۔ کیا ماحول بھی معاشرے کا حصہ ہے؟ اس کو آلودگی سے بچانے کے لیے کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟

۳۔ قانون کا احترام اور ٹریفک کے قوانین کی پابندی کیوں ضروری ہے؟

۴۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حسنِ معاشرت سے متعلق طرزِ عمل کا خلاصہ بتائیں۔

## گھر کا کام

حسنِ معاشرت کو آپ اپنے گھر ، محلّے اور مدرسے میں کس طرح قائم رکھ سکتے ہیں؟ طلبہ وطالبات تحریر کریں۔

# اخلاص ۽ تقويٰ

## پڙهائڻ جا مقصد

سبق جي پڄاڻي تي طالبَ موضوع جي وضاحت جي قابل ٿي وڃن. طالبن کي ترغيب ڏجي ته اهي اخلاص سان عبادتن جو اهتمام ڪن. هي نيڪي خالص نيت سان ۽ الله تعاليٰ جي رضا جي خاطر ڪن. گناهن کان بچڻ جي جيستائين ٿي سگهي ڪوشش ڪن جيئن هنن ۾ متّقي ٿيڻ جو جذبو پيدا ٿي.

## پڙهائڻ ۾ مدد

لکن وارو بورڊ. موضوع بابت آيتون ۽ حديثن جو چارٽ.

## پڙهائڻ جو طريقو

خطابت جو طريقو ۽ جائزي کان سبق جي وضاحت ڪجي.

نبي اڪرمﷺ فرمايو "اعمالن جو دارومدار نيّتن تي آهي." ڪنهن نيڪ عمل جي قبول ٿيڻ جو تعلق هن ڳالهه سان آهي ته هن عمل جو مقصد رڳو الله تعاليٰ جي رضا آهي. اهو ڪم خالص الله تعاليٰ جي رضا جي لاءِ ڪجي. اهو ئي اخلاق آهي. تقويٰ جي تعريف هن واقعي کان چڱي طرح واضح ٿي ويندي آهي ته هڪ ڀيرو حضرت عمرؓ  حضرت ابي بہ ڪعبؓ کان تقويٰ بابت دريافت ڪيو. هن چيو ته "ڇا ڪڏهن اهڙي رستي کان لنگهيا آهيو جنهن جي ٻنهني پاسن تي ڪنڊن واريون ٽاريون هجن؟" حضرت عمرؓ ها ۾ جواب ڏنو. هن تي حضرت ابي بن ڪعبؓ پڇيو ته "توهان هن رستي کان ڪيئن لنگهيؤ؟" پاڻؓ جواب ڏنو ته "وڏي احتياط سان داونُ بچائيندي." حضرت ابي بن ڪعبؓ فرمايو "اهو ئي تقويٰ آهي." دنيا ۾ رهندي حرام شيئن کان بچي رهڻ، گناهن کانِ جهل ۽ خدا جي خوف سان نيڪي ڏانهن مائل رهڻ ئي تقويٰ آهي. اڄ اسان هن موضوع جا تفصيلَ ۽ پاڻﷺ ۽ صحابہ ڪرامؓ جي اخلاص ۽ تقويٰ جا مثالَ پڙهنداسين.

## ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:

1. نبي اڪرمﷺ بعثت کان ٻهريان بہ عرب معاشري جي برائين کان بچيل هو. هن ڏينهنن ۾ ماڻهون ڪنهن قسم جي فسق ۽ فجور ۾ وِڪوڙيل هئا؟
2. غزوه تبوڪ جي موقع تي ڪجھ صحابہ ڪِرامؓ جهاد ۾ شريڪ نہ ٿي سگهيا، پوءِ بہ هنن کي ثواب مليو. ڪيئن؟

# اخلاص وتقویٰ

## مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات موضوع کی وضاحت کے قابل ہوجائیں۔ طلبہ و طالبات کو ترغیب دلائی جائے کہ وہ اخلاص کے ساتھ عبادات کا اہتمام کریں۔ ہر نیکی خلوصِ نیت اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خاطر کریں۔ گناہوں سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کریں تاکہ ان میں متقی بننے کا جذبہ پیدا ہوجائے۔

## معاوناتِ تدریس

تختۂ تحریر۔ موضوع سے متعلق آیات و احادیث کا چارٹ۔

## طریقۂ تدریس

طریقۂ خطابت اور جائزہ سے سبق کی وضاحت کی جائے۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا، ''اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔'' کسی نیک عمل کی مقبولیت کا تعلق اس بات سے ہے کہ اس عمل کا مقصد صرف اللہ تعالیٰ کی رضا ہو۔ وہ کام خالص اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے کیا جائے۔ یہی اخلاص ہے۔ تقویٰ کی تعریف اس واقعے سے بخوبی واضح ہوجاتی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے تقویٰ کی بابت دریافت کیا۔ انھوں نے پوچھا ''کیا کبھی آپ کا ایسے راستے سے گزر ہوا ہے جس کے دونوں طرف خار دار جھاڑیاں ہوں؟'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اثبات میں جواب دیا۔ اس پر حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے پھر پوچھا، ''آپ اس راستے سے کس طرح گزرے؟'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا ''نہایت احتیاط کے ساتھ دامن بچاتے ہوئے۔'' حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا، ''یہی تقویٰ ہے۔'' دنیا میں رہتے ہوئے حرام چیزوں سے بچے رہنا، گناہوں سے اجتناب کرنا اور خوفِ خدا کے ساتھ نیکی کی طرف مائل رہنا ہی تقویٰ ہے۔ آج ہم اس موضوع کی تفصیلات نیز آپ ﷺ اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے اخلاص وتقویٰ کی مثالیں پڑھیں گے۔

### اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں:

۱۔ نبی اکرم ﷺ بعثت سے قبل بھی عرب معاشرے کی برائیوں سے بچے رہے۔ ان دنوں لوگ کس قسم کے فسق و فجور میں مبتلا تھے؟

۲۔ غزوۂ تبوک کے موقع پر کچھ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم جہاد میں شرکت نہ کرسکے پھر بھی انھیں ثواب ملا۔ کیوں؟

3. ڪنهن صحابي غزوه تبوڪ جي موقع تي مالي مدد جي لاءِ ڪجھ ڪجيون پاڻ ﷺ جي خدمت ۾ پيش ڪيون؟ پاڻ ﷺ هن جو قدر ڪيئن ڪيو؟

### گھر جو ڪم

"اخلاص ۽ تقويٰ بنا نيڪ اعمال به الله تعاليٰ جي نظر ۾ قبول ٿيڻ جي قابل ناهن" هن موضوع تي طالبَ پنهنجي لفظن ۾ پندرنهن کان ويهه سٽون لکو.

## عدل ۽ احسان

### پڙهائڻ جا مقصد

سبق جي پڄاڻي تي طالب موضوع جي دليلن سان وضاحت ڪرڻ جي قابل ٿي وڃن. ڪين خبر پئجي وڃي ته معاشري ۾ برابري ۽ امن ۽ پائيپي جي لاءِ پاڻ ۾ عدل ۽ احسان ڪرڻ ڇو ضروري آهي. طالبَ پنهنجي ڪمزور سنگتين جي پڙهائي ۾ مدد ڪري احسان جو عملي مظاهرو ڪن.

### پڙهائڻ ۾ مدد

لکن وارو بورڊ. عدل کي ظاهر ڪرڻ جي لاءِ تارازي جي تصوير. چارٽ جنهن تي احسان بابت ڪو واقعو يا ڪهاڻي لکيل هجي.

### پڙهائڻ جو طريو

خطابت جو طريقي ۽ جائزي کي مِلائي سبق جي وضاحت ڪجي.
عدل ۽ احسان جو لفظي مطلب سمجھائڻ جي لاءِ ڪلاس جون شيئون پکيڙي ڇڏيو ۽ پوءِ ڊنگ سان صاف سترو ڪري ترتيب ڏيو. هن کان پوءِ هن جي اصطلاحي مفهوم ۽ اهميت کي وڏيڪ مثالن سان واضح ڪجي ۽ هن سلسلي ۾ اسوه رسول ﷺ کان وضاحت ڪجي.

### ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگھجن ٿا:

1. "ڪائنات جي نظام ۾ عدل آهي" ڪنهن مثال ذريعي واضح ڪيو.
2. عدل ۽ احسان سان معاشري ۾ توازن ڪيئن برقرار رهندو آهي؟
3. نبي اڪرم ﷺ هڪ معزز قبيلي جي عورت کي چوري جي ڏوهه ۾ هٿ ڪٽڻ جي سزا ٻڌائي. پاڻ ﷺ هن کي هڪ معزز قبيلي جي هجڻ جي ڪري معاف ڇو نه ڪيو؟

۳۔ کن صحابی نے غزوۂ تبوک کے موقع پر مالی اعانت کے طور پر تھوڑی سی کھجوریں آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیں؟ آپ ﷺ نے ان کی قدردانی کیوں فرمائی؟

## گھر کا کام

''اخلاص و تقویٰ کے بغیر نیک اعمال بھی اللہ تعالیٰ کی نظر میں قابلِ قبول نہیں'' اس موضوع پر طلبہ و طالبات اپنے الفاظ میں پندرہ سے بیس سطور لکھیں۔

# عدل و احسان

## مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات موضوع کی مدلّل وضاحت کے قابل ہوجائیں۔ انھیں معلوم ہوجائے کہ معاشرے میں توازن اور امن و بھائی چارے کے لیے آپس میں عدل و احسان کرنا ضروری ہے۔ طلبہ و طالبات اپنے کمزور ساتھیوں کی پڑھائی میں مدد کرکے احسان کا عملی مظاہرہ کریں۔

## معاوناتِ تدریس

تختۂ تحریر۔ عدل کو ظاہر کرنے کے لیے ترازو کی تصویر۔ چارٹ جس پر احسان سے متعلق کوئی واقعہ یا کہانی درج ہو۔

## طریقۂ تدریس

طریقۂ خطابت اور جائزہ کے امتزاج سے سبق کی وضاحت کی جائے۔

عدل و احسان کا لفظی مطلب سمجھانے کے لیے کمرۂ جماعت کی اشیا کو بکھیر دیا جائے اور پھر نہایت سلیقے سے صاف ستھرا کرکے ترتیب دیا جائے۔ اس کے بعد اس کے اصطلاحی مفہوم اور اہمیت کو مزید مثالوں کے ساتھ واضح کیا جائے اور اس سلسلے میں اسوۂ رسول ﷺ سے وضاحت کی جائے۔

## اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں:

۱۔ ''کائنات کے نظام میں عدل ہے'' کسی مثال کے ذریعے واضح کیجیے۔

۲۔ عدل و احسان سے معاشرے میں توازن کس طرح برقرار رہتا ہے؟

۳۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک معزز قبیلے کی عورت کو چوری کے جرم میں ہاتھ کاٹنے کی سزا سنائی۔ آپ ﷺ نے اسے ایک معزز قبیلے کا فرد ہونے کی حیثیت سے معاف کیوں نہیں کردیا؟

4. نبي اڪرم ﷺ ماڻهن سان سدائين احسان جو ورتاءُ ڪيئن ڪيو؟

# اندازِ گفتگو

## پڙهائڻ جا مقصد

سبق جي پڄاڻي تي طالبَ نبي اڪرم ﷺ جي ڳالهائڻ جي انداز کان واقف ٿي وڃن. اهي دليلن سان سبق جي وضاحت جي قابل ٿي وڃن. هن سبق ذريعي پاڻ ۾ ڳالهائڻ جا ادبَ سِکي وڃن.

## پڙهائڻ ۾ مدد

چارٽ جنهن تي ڳالهائڻ جا ادبَ لِکيل هجن. لکن وارو بورڊ.

## پڙهائڻ جو طريقو

سبق جي وضاحت بياني طريقي سان ڪجي.

مشهور قول آهي تہ انسان پنهنجي زبان جي پويان لِڪيل هوندو آهي. جنهن جو مطلب اهو آهي تہ انسان جيستائين ڳالهائيندو ناهي، هن جا عيب ۽ هنر لِڪيل رهندا آهن. ڳالهائڻ سان انسان جي ڪردار جو چڱي طرح اندازو ٿي ويندو آهي. مهذب ۽ هلڪي آواز ۾ ڳالهائڻ انسان جي مهذب هجڻ جي نشاني آهي. هن دنيا جو رهبر ۽ اڳواڻ حضرت محمد مصطفيٰ ﷺ سڀن کان سٺي گفتگو ڪرڻ وارو ۽ هن ڪي ادبَ سکائڻ وارو هو. اچو ڏسئون تہ نبي اڪرم ﷺ جو ڳالهائڻ جو انداز ڪيئن هو.

## ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:

1. نبي اڪرم ﷺ جي گفتگو جي خوبيون ڪهڙيون هيون؟
2. جامع ڳالهہ ٻولهہ کان ڇا مراد آهي؟
3. خوش ڪلامي جا ڪهڙا فائدا ٿي سگهن ٿا؟
4. اسان جي گفتگو ڪنهن اخلاقي برائين کان پاڪ هجڻ گهرجي؟

## عملي ڪم

”گفتگو جا ادبَ“ هن موضوع تي طالبَ اسلامي تعليمن جي روشني ۾ هڪ مضمون تيار ڪيو.

۴۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے لوگوں کے ساتھ ہمیشہ احسان کا رویہ کیوں اپنایا؟

# اندازِ گفتگو

## مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اندازِ گفتگو سے آگاہ ہوجائیں۔ وہ مدلّل طریقے سے سبق کی وضاحت کے قابل ہوجائیں۔اس سبق کے ذریعے وہ آپس میں گفتگو کرنے کے آداب سیکھ جائیں۔

## معاوناتِ تدریس

چارٹ جس پر گفتگو کے آداب تحریر ہوں۔تختۂ تحریر۔

## طریقۂ تدریس

سبق کی وضاحت بیانیہ طریقے سے کی جائے۔

مشہور مقولہ ہے کہ انسان اپنی زبان کے پیچھے چھُپا ہوتا ہے۔جس کا مطلب یہ ہے کہ چو مرد سخن نہ گفتہ باشد عیب و ہنرش نہفتہ باشد۔ یعنی انسان جب تک گفتگو نہیں کرتا ، اس کے عیب و ہنر چھُپے رہتے ہیں۔ گفتگو سے انسان کے کردار کا بخوبی اندازہ ہوجاتا ہے۔ مہذب اور دھیمی آواز میں گفتگو کرنا انسان کے مہذب ہونے کی علامت ہے۔ اس دنیا کے رہبر و رہنما حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سب سے اچھی گفتگو کرنے والے اور اس کے آداب سکھانے والے تھے۔ آیئے! دیکھتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اندازِ گفتگو کیسا تھا۔

### اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں :

۱۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی گفتگو کی خوبیاں کیا کیا تھیں؟

۲۔ جامع گفتگو سے کیا مراد ہے؟

۳۔ خوش کلامی کے کیا کیا فوائد ہوسکتے ہیں؟

۴۔ ہماری گفتگو کن اخلاقی برائیوں سے پاک ہونی چاہیے؟

## عملی کام

’’گفتگو کے آداب‘‘ اس موضوع پر طلبہ و طالبات اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ایک مضمون تیار کریں۔

## گهر جو ڪم

طالبَ نبي اڪرمﷺ جي گهٽ ۾ گهٽ 15 ننڍيون حديثون لکو ۽ زباني ياد ڪيو.

# گهرو زندگي

## پڙهائڻ جا مقصد

سبق جي پڇاڙي تي طالبَ موضوع جي دليلن سان وضاحت جي قابل ٿي وڃن. اهي سٺي گهرو زندگي گزارڻ جا اصول سِکي وڃن.

## پڙهائڻ ۾ مدد

گهرو زندگي بابت نبي اڪرمﷺ جي حديثن بابت هڪ چارٽ. لکن وارو بورڊ.

## پڙهائڻ جو طريقو

سبق جي وضاحت بياني طريقي ۽ سوال جواب جي انداز ۾ ڪجي.

گهر وارن کي سلام ڪرڻ، وڏن جو ادب ڪرڻ، ننڍن سان شفقت ڪرڻ، ماءُ پيءُ جو حڪم مڃڻ، سين جي خدمت ڪرڻ، گهر جو ماحول کي وڻندڙ رکڻ، اهي سڀ ڳالهيون هڪ سُٺي گهرو زندگي کي ظاهر ڪنديون آهن. توهان مان ڪيترا ٻار هن ڳالهيون جو خيال رکندا آهن؟

## ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:

1. نبي اڪرمﷺ جي سادي زندگي کان اسان کي ڪهڙو سبق ملندو آهي؟
2. اسان کي پنهنجي خادمن سان ڪهڙو ورتاءُ ڪرڻ گهرجي؟

## عملي ڪم

هڪ خاڪو جنهن ۾ ماءُ پيءُ ڪراڙا ٿي ويا آهن ۽ ٻارَ هنن جي خبر گيري ڪن ٿا ۽ هنن جو دعائون وٺي رهيا آهن.

## گهر جو ڪم

طالبَ هڪ فهرست ٺاهيو جنهن ۾ اهي سڀ ڪمن لکيل هجن جنهن سان گهر جو ماحول وڻندڙ ٿي سگهي ٿو.

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات نبی کریم ﷺ کی کم از کم ۱۵ مختصر احادیث تحریر کریں اور زبانی یاد کریں۔

# گھریلو زندگی

## مقاصدِ تدریس

سبق کے اختتام پر طلبہ و طالبات موضوع کی مدلّل وضاحت کے قابل ہوجائیں۔ وہ اچھی گھریلو زندگی گزارنے کے اصول سیکھ جائیں۔

## معاوناتِ تدریس

گھریلو زندگی سے متعلق نبی کریم ﷺ کی احادیث سے متعلق ایک چارٹ۔تختۂ تحریر۔

## طریقۂ تدریس

سبق کی وضاحت بیانیہ اور سوال جواب کے انداز میں کی جائے۔

گھر والوں کو سلام کرنا ، بڑوں کا ادب کرنا ، چھوٹوں پر شفقت کرنا ، ماں باپ کے احکامات بجا لانا ، سب کی خدمت کرنا ، گھر کے ماحول کو خوش گوار رکھنا ، یہ تمام باتیں ایک خوش گوار گھریلو زندگی کی عکاسی کرتی ہیں۔ آپ میں سے کتنے بچّے ان باتوں کا خیال رکھتے ہیں؟

## اِعادہ

اِعادے کے طور پر مندرجہ ذیل سوالات کیے جاسکتے ہیں :

۱۔ نبی کریم ﷺ کی سادہ زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

۲۔ ہمیں اپنے خادموں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیے؟

## عملی کام

ایک خاکہ جس میں والدین بوڑھے ہوگئے ہیں اور بچّے ان کی دیکھ بھال کررہے ہیں اور ان کی دعائیں لے رہے ہیں۔

## گھر کا کام

طلبہ و طالبات ایک فہرست بنائیں جس میں وہ تمام کام درج ہوں جن سے گھر کا ماحول خوش گوار بن سکتا ہے۔

باب چوٿون:

# اخلاق ۽ ادبَ

# امر بالمعروف و نهي عن المنڪر

## پڙهائڻ جا مقصد

”امر بالمعروف و نهي عن المنڪر“ جو مفهوم، هن جو حڪم، هن جي فضيلت کان طالبن کي ايئن آگاهه ڪرڻ ته طالبَ هن سبق جي دليلن سان وضاحت جي قابل ٿي وڃن. هن ذميواري کي پورو نه ڪرڻ جي انجام کان آگاهه ٿي وڃن. طالبن کي هن ڳالهه جو شعور ڏيڻ گهرجي ته پهريان پنهنجي ذات جي اصلاح ڪن پوءِ معاشري جي سڌار جي ذميواري کڻن.

## پڙهائڻ ۾ مدد

چارٽ جنهن تي موضوع بابت آيتون ترجمي سان لکيل هجن. لکن وارو بورڊ.

## پڙهائڻ جو طريقو

بياني طريقو ۽ سوال جواب جي سبق جي وضاحت ڪجي.

ڇا معاشري ۾ ڦهليل بُرائين تي توهان جو دل ڏکندو آهي؟ ڇا توهان ڪڏهن سوچيو آهي ته معاشري ۾ ميڊيا خاص ڪري چينلن ذريعي آيل بي حيائي جو طوفان اسان کي ڪيڏانهن کڻي وڃي رهيو آهي؟ اخلاقي بڇڙائي اسان کي ڪنهن هيٺاهين ۾ ڌڪا ڏئي رهي آهي؟ معاشري ۾ وڌندڙ بي حسي جو ڇا علاج آهي؟ هن برائين کي ختم ڪرڻ جو ڪو ذريعو به آهي؟ ڇا اسان جو معاشرو هڪ مثالي معاشرو نهي سگهي ٿو؟ هن سڀ سوالن جا جواب رڳو ”امر بالمعروف و نهي عن المنڪر“جي ذميواري پوري ڪرڻ ۾ آهي. اڄ اسان هن کي سمجهڻ جي ڪوشش ڪنداسين ۽ هن ذميواري کي پورو ڪرڻ جو وعدو به ڪنداسين.

## ورجاءُ

ورجائڻ جي لاءِ هيٺ ڏنل سوالَ ڪري سگهجن ٿا:

1. معاشري کي هر قسم جي بگاڙ کان بچائڻ جي لاءِ هڪ مسلمان تي ڪهڙو فرض عائد آهي؟
2. هن فريضي جي شروعات پنهنجي ذات کان ڇو ڪرڻ گهرجي؟
3. جيڪڏهن ماڻهو پاڻ نيڪ هجي پر معاشري جي سُڌار جي فڪر نه ڪري ته ڇا اهو نيڪي تي قائم رهي سگهي ٿو ۽ الله جي عذاب کان بچي سگهي ٿو؟
4. مومن ۽ منافق ۾ ڇا فرق آهي؟

## باب چہارم : اخلاق و آداب

# امر بالمعروف و نہی عن المنکر

### مقاصدِ تدریس

''امر بالمعروف و نہی عن المنکر'' کا مفہوم ، اس کا حکم ، اس کی فضیلت سے طلبہ و طالبات کو اس طرح آ گاہ کیا جائے کہ طلبہ و طالبات اس سبق کی مدلّل وضاحت کے قابل ہوجائیں۔ اس فریضے کو انجام نہ دینے کے وبال سے آ گاہ کیا جائے۔ طلبہ و طالبات کو اس بات کا شعور دینا چاہیے کہ پہلے اپنی ذات کی اصلاح کریں پھر معاشرے کی اصلاح کا بیڑا اٹھائیں۔

### معاوناتِ تدریس

چارٹ جس پر موضوع کی مناسبت سے آیات مع ترجمہ تحریر ہوں۔ تختۂ تحریر۔

